Pastoral Letter for New Year's Day Festival - 2018

# پاسبانی خط برائے جشنِ سالِ نو 2018

## مسیح میں میرے عزیز بھائیو اور ہم خدمت بھائیو اور بہنو!

ہم فضل کے سال 2017 کے اِختتام کے قریب پہنچ چکے ہیں۔ یہ قدرتی بات ہے کہ آج ہمارے ذہن میں گزرے سال سے متعلق خیالات گردش کر رہے ہیں جن کو ہم نے برداشت کیا اور جن سے لُطف اندوز ہوئے ہیں۔ جہاں تک ہماری فطری زِندگی کا تعلق ہے، مجھے یقین ہے کہ ہمارا دِل اِس سے ملنے والی تمام تر برکات کے اعتراف میں شُکرگزاری سے لبریز ہے کہ ہم اس میں بغیر کسی ناگہانی آفت کے زِندگی گزارنے کے قابل رہے ہیں۔

جب ہم اِس نئے سال کا آغاز کریں گے تو مَیں اس بات کا قائل ہوں کہ ہم اپنے اُس استحقاق کو پہچانیں گے کہ ہم خُداوند کے وعدوں میں اِطمینان بخش اِیمانی برکات کے ساتھ ایسا کر پائے ہیں۔ اور ہمارے باطن میں اس اِیمان کے محفوظ ہونے کے سبب ہم اپاسٹل کی خدمت کے ذریعہ رُوح القدس کی عطا کردہ برکات سے اپنی جان (رُوح) کی تیاری کو جاری رکھنے کے لئے گذشتہ سال سے متاثر ہوتے رہے ہیں۔

آیئے زبور نویس کی ان باتوں کو یاد کریں جو اس نے زبور 5:40 میں تحریر کی ہیں۔ یہ باتیں درحقیقت اس دِن سے مناسبت رکھتی ہیں۔ زبور 5:40 آیت:

''اَے خُداوند میرے خُدا! جو عجیب کام تُو نے کئے
اور تیرے خیال جو ہماری طرف ہیں وہ بہت سے ہیں۔
مَیں اُن کو تیرے حضور ترتیب نہیں دے سکتا۔
اگر میں اُن کا ذِکر اور بیان کرنا چاہوں۔ تو وہ شمار سے باہر ہیں۔''

عالمی سطح پر اگر گذشتہ سال کے واقعات پر ہم غور کریں تو آیندہ مستقبل میں ہمیں پریشانیاں گھیرے رہیں گی۔ ہم جس معیارِ زندگی کے عادی ہیں وہ خطرات کی زد میں ہے۔

متی 7-6:24 آیت میں مسیح کی کہی گئی باتیں ہیں۔ اس میں یوں لکھا ہے:

اورتم لڑائیاں اورلڑائیوں کی افواہ سُنو گے۔خبردار! گھبرا نہ جانا! کیونکہ ان باتوں کا
واقع ہونا ضرور ہے لیکن اُس وقت خاتمہ نہ ہوگا۔ کیونکہ قوم پر قوم اور سلطنت پر سلطنت
چڑھائی کرے گی اور جگہ جگہ کال پڑیں گے اور بھونچال آئیں گے۔''

ہر روز جب ہم عالمی خبریں پڑھتے ہیں تو طویل عرصہ پہلے خُداوند کی کہی ہوئی یہ باتیں اِن واقعات سے گہری مطابقت رکھتی

ہیں۔ ہم آمریت اور جبر کے خلاف خانہ جنگی میں مظلوم کو سر اُٹھاتے ہوئے اور شہریوں کو اپنے وطن سے ہجرت کرتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ ناقابلِ تصور قحط ہیں، تباہ کُن زلزلے اور آتش فشاں ہیں، جن کی وجہ سے بے شمار لوگوں کے جان و مال کا نقصان ہوتا ہے۔ ہم اپنی قدرتی زِندگی میں بھی عالمی اور گھریلو معاشی دباؤ کا شکار ہیں۔ جس کی وجہ سے مستقبل میں قدرتی خوش حالی کے لئے پریشانی لاحق ہے ہمیں ہمیشہ اس بات کے لئے شُکر گزار ہونا چاہیے کہ ہمارے صرف بہت کم بھائی بہن ہی ملازمت چھوٹ جانے کے باعث ناگہانی مشکل میں مبتلا ہیں۔ یہ خُدا کی نازل کردہ برکات کا ثبوت ہے۔ ان تمام تر واقعات اور حالات کا پیش آنا خُداوند کی باتوں کا ثبوت ہے۔

جیسا کہ متی 8:24 آیت میں مرقوم ہے۔

''لیکن یہ سب باتیں مصیبتوں کا شرُوع ہی ہوں گی۔''

یقیناً یہ ایمان کا اِمتحان ہے۔ اِس ملک میں کلیسیاء کا بانی ایک ضرب المثل کی صورت لکھتا ہے کہ اذیت کا مکتب خُدا کی مرضی کا درس دیتا ہے۔ اور بلاشبہ ہمیں معترف ہونا چاہیے کہ جب ہم پریشان کُن حالات میں مبتلا ہوتے ہیں تو اس وقت ہم جان جاتے ہیں کہ ہم اپنی خوش حالی کے لئے خُدا کی برکات کی فراہمی کے طفیل اس کے رحم و کرم کے کس قدر محتاج ہیں۔ اس سے ہمارے اندر اپنے اِیمان کے اِظہار کی مذہبی ذِمہ داری کا احساس پیدا ہونا ضروری ہے۔

یعقوب 2:17-18 آیت میں لکھا ہے:

''اِسی طرح اِیمان بھی اگر اُس کے ساتھ اعمال نہ ہوں اپنی ذات سے مُردہ ہے
ہے۔ بلکہ کوئی کہہ سکتا ہے کہ تُو تو اِیمان دار ہے اور مَیں عمل کرنے والا ہوں۔ تُو اپنا اِیمان
بغیر اعمال کے تو مجھے دِکھا اور مَیں اپنا اِیمان اعمال سے تجھے دِکھاؤں گا۔''

اور 20 آیت میں:

''مگر اے اَے نکمے آدمی! کیا تُو یہ بھی نہیں جانتا کہ اِیمان بغیر اعمال کے بے کار ہے؟۔''

آیئے آج اپنے گذشتہ سال کا جائزہ لیتے ہوئے سنجیدگی کے ساتھ خود سے سوال کریں کہ ہم نے اپنے اِیمان کا اِظہار اپنے اعمال سے اس طرح سے کیا ہے کہ وہ خُدا قادرِمطلق کی خوش نودی کا سبب ہو۔ ہمارے لئے خُدا کی بے بیاں محبت کے مستفید ہونے کے لئے، وہ نعمت جسے ہم اپنی روزمرہ کی زِندگی کی بے شمار ذمّہ داریوں کو نبھاتے ہوئے اکثر سمجھنے سے قاصر رہتے ہیں۔ میں نے نئے سال کی صبح کا خیرمقدم کرنے کے لئے ان چند الفاظ (باتوں) کا اِنتخاب کیا ہے۔

''اَے خُداوند اپنے فضل سے میری زِندگی پر برکت نازل فرما تاکہ مَیں ہمیشہ اپنے اِیمان
کے مکمل ہونے کی قدر و قیمت کو جان سکوں۔''

جب ہم گذشتہ سال کا جائزہ لیتے ہیں تو ایک بار پھر ہمیں یاد دِلایا جاتا ہے کہ اس میں پریشانیوں کا وقت بھی آتا رہا ہے۔ کچھ لوگ حادثات میں زخمی ہوئے، کچھ تشویش ناک بیماریوں میں مبتلا رہے۔ ہمیشہ کی طرح ہم زخموں کے مُندمل ہونے اور صحت کے بحال

ہونے کے لئے شُکر ادا کرتے ہیں۔ جو لوگ اپنے کسی عزیز کے اِنتقال فرما جانے سے سوگوار ہیں ہم ایک بار پھر ان کے ساتھ اِظہارِ ہمدردی کرتے ہوئے دُعا گو ہیں کہ اپنی دُکھ کی اِس کٹھن گھڑی میں آپ نے اپنے اِیمان میں تسلّی پائی۔ اس نئے سال کا اعلان کرتے ہوئے ضرورت کے تحت ہم مستقبل کو اُمید اور قبل از وقت اندازہ سے دیکھتے ہیں کہ یہ سال قدرتی اور رُوحانی دونوں طرح سے برکت کا سال ہوگا۔ جیسے کہ ہر نیا سال جب شروع ہوتا ہے اور حقیقت سامنے آتی ہے تو یقیناً سب پر یہ بات واضح ہو جاتی ہے۔ بہت سی قدریں جن کا تعلق ان طور طریقوں سے ہوتا ہے جن کے مطابق ہم زِندگی گزارتے رہے ہیں، آہستہ آہستہ متروک ہوتی جا رہی ہیں۔ بے دِین رویوں کے حامل لوگوں کے مطالبات حکام کو بہت سی تبدیلیوں پر مجبور کر رہے ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ یہ مطالبات زِندگی کی ان اِقدار (معیار) کی دوڑ کے لئے ہیں جو ایک مستحکم معاشرہ کو قائم رکھنے کے لئے ضروری ہیں۔

ہم سب کے لئے یہ ایک گہرا لمحہِ فکریہ ہے۔ خاص طور پر کلیسیاء کے نوجوان افراد کے لئے۔

والدین پر اپنے بچوں کی دیکھ بھال کی بھاری ذِمّہ داری عاید ہوتی ہے۔ جو مثال آپ اپنے گھر میں اپنے طور طریقوں سے قائم کرتے ہیں، اس سے ان کی زِندگی کے چال چلن کا تعین ہوتا ہے۔ نوجوانوں اور خود ان کے مستقبل کی بھلائی کی خاطر میں آپ کو یہ نصیحت کرتا ہوں۔ بخُدا اپنے والدین اور کلیسیاء کے خادمین کی دی ہوئی ہدایات اور رہنمائی کی طرف توجہ دیں (رجوع لائیں)۔ کیونکہ یہ ان کی محبت کا تقاضا ہے۔

نئے سال کو مدِنظر رکھتے ہوئے ہم دیکھتے ہیں کہ افسیوں کے نام خط کے 6 باب کی 10-12 آیت میں پولوس رسول کی باتیں بالکل حسبِ حال ہیں۔

افسیوں 6 باب 10-12 آیت:

''غرض خُداوند میں اور اس کی قُدرت کے زور میں مضبوط بنوؔ خُدا کے سب ہتھیار باندھ لو تاکہ تم ابلیس کے منصوبوں کے مقابلہ میں قائم رہ سکوؔ کیونکہ ہمیں خون اور گوشت سے کُشتی نہیں کرنا ہے بلکہ حکومت والوں اور اِختیار والوں اور اُس دُنیا کی تاریکی کے حاکموں اور شرارت کی اُن رُوحانی فوجوں سے جو آسمانی مقاموں میں ہیںؔ''

آیئے ہم اس نئے سال میں جدوجہد کرتے رہیں، خُدا کے فرزندوں کی طرح چلنے کے لئے (زِندگی گزارنے کے لئے)۔ خُدا اور اپنے خُداوند یسُوع مسیح پر اِیمان میں محفوظ رہیں اور اپنی زِندگیوں میں اپنے اعمال سے ظاہر کریں کہ ہم اَبدی زِندگی حاصل کرنے کے لئے اپنے اِرادہ میں قائم اور مستحکم ہیں۔ مَیں آئندہ سال کے لئے کرسمس کارڈ بھیجنے اور مبارک باد دینے کے لئے سب خادمین اور ارکان کا شُکر گزار ہوں اور خُداوند کے فضل کے تحت آپ کے لئے برکت چاہتا ہوں اور نئے سال کی مبارک باد دیتا ہوں۔

اپاسٹل فلور اور میری طرف سے آپ کو سلام۔
مسیح میں آپ کا بھائی اور اپاسٹل کے ایل ڈارگش